## غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کی حکمرانی کا انقلاب پاکستان کا مقدر بن چکا ہے، الطاف حسین

## گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیوایم کی تاریخ ساز کامیابی ایک ایک مظلوم اور محروم عوام کی کامیابی ہے

## انتخابات میں دھاندلی کے باوجود ایم کیوایم کی کامیابی ہے بلکہ ایم کیوایم پر گلگت بلتستان کے عوام کے اعتماد کا کھلا ثبوت بھی ہے

## گلگت بلتستان کے انتخابات میں کامیابی صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، سندھ، ہزاروال، کشمیراور

## جنوبی پنجاب کے تمام مظلوموں اور محروموں کی کامیابی کی نوید ہے کہ ان کی خوشحالی کا وقت آنے والا ہے

## حیدرآباد میں ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں سے ٹیلی فون پر خطاب

لندن۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیوایم کی تاریخ ساز کامیابی ظلم کی چکی میں پسنے والے ایک ایک مظلوم اور محروم عوام کی کامیابی ہے اور یہ کامیابی اس بات کی نشاندہی کررہی ہے کہ اب غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کی حکمرانی کا انقلاب پاکستان کا مقدر بن چکا ہے۔انشاءاللہ وہ دن بہت جلد آئے گا جب ملک سے متحدہ قومی موومنٹ کے ہاتھوں جاگیرداروں، وڈیروں، ناجائز دولت کمانے والے سرمایہ داروں اور لٹیروں کے تسلط کا خاتمہ ہوگا اور ملک کے چپے چپے میں حق پرستی کے نعرے گونجیں گے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز حیدرآباد میں ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کے ایک بڑے اجتماع سے ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی جو انہیں گلگت بلتستان کے انتخابات میں کامیابی کی مبارکباد دینے کیلئے ایم کیوایم حیدرآباد زونل آفس پہنچے تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے ارکان اور حق پرست عوامی نمائندے بھی موجود تھے۔اجتماع سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان کی 62 سالہ تاریخ میں ایم کیوایم نے پہلی مرتبہ انتخابات میں حصہ لیا اور وہاں اللہ تعالیٰ نے ایم کیوایم کو کامیابی عطا کی۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر انتخابات میں دھاندلی نہ ہوتی تو متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب ہوتے لیکن دھاندلی کے باوجود ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں نے جن جن حلقوں میں دوسری، تیسری اور چوتھی پوزیشن حاصل کی وہ نہ صرف ایم کیوایم کی کامیابی ہے بلکہ ایم کیوایم پر گلگت بلتستان کےعوام کے اعتماد کا کھلا ثبوت بھی ہے۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیوایم کی تاریخ ساز کامیابی ظلم کی چکی میں پسنے والے ایک ایک مظلوم اور محروم عوام کی کامیابی ہے اور اس کامیابی پر پاکستان بھر کے محروم عوام جشن منارہے ہیں اور خوشی میں رقص کررہے ہیں۔گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیوایم کی ایک نشست انشاءاللہ سب پر بھاری ہوگی اور آج کی کامیابی گلگت بلتستان کے ساتھ ساتھ صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، سندھ، ہزاروال، کشمیر اور جنوبی پنجاب کے تمام مظلوموں اور محروموں کی کامیابی کی نوید ہے کہ ان کی خوشحالی کا وقت آنے والا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی اس بات کی نشاندہی کررہی ہے کہ اب غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کی حکمرانی کا انقلاب پاکستان کا مقدر بن چکا ہے اور انشاءاللہ وہ دن بہت جلد آئے گا جب ملک سے متحدہ قومی موومنٹ کے ہاتھوں جاگیرداروں، وڈیروں، ناجائز دولت کمانے والے سرمایہ داروں اور لٹیروں کے تسلط کا خاتمہ ہوگا اور ملک کے چپے چپے میں حق پرستی کے نعرے گونجیں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جہاں یہ ملک بھر کے مظلوم عوام کی کامیابی ہے وہاں پاکستان کی مسلح افواج، رینجرز، سیکوریٹی کے اداروں، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھی کامیابی ہے جو دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے مصروف عمل ہیں، ملک کی خدمت کررہے ہیں، حق اور سچ کا ساتھ دیتے ہیں اور پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے اپنی جانیں نثار کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے سندھ بھر کے دانشوروں، صحافیوں، قلمکاروں، ادباء، شعراء، اہل قلم حضرات اور حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ آگے بڑھیں اور ایم کیوایم کا ساتھ دیں کیونکہ ملک بھر کے مظلوم عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم سے نجات کا واحد راستہ صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں حق پرستی کے پیغام کو پھیلانے کے سلسلے میں آپ پر مزید ذمہ داریاں آگئی ہیں لہٰذا تمام تحریکی ساتھی اپنے اطوار، کردار، چلنے پھرنے اور بات چیت کے انداز کو مزید بہتر بنائیں، والدین، اساتذہ، بزرگوں اور خواتین کا احترام کریں اور اپنے کردار وعمل کی قابل تقلید مثالیں قائم کریں کیونکہ عوام کے دل گولی، بندوق اور بارود سے نہیں بلکہ پیار، محبت اور کردار سے تسخیر کئے جاسکتے ہیں۔تمام تحریکی ساتھی تنظیمی نظم وضبط کی مزید پابندی کریں، تحریکی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں تاکہ وہ خود کو نظریاتی بنیادوں پر مزید مستحکم بناسکیں اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کو بہتر انداز میں ایم کیوایم کا پیغام اور حق پرستی کا نظریہ پہنچاسکیں۔جناب الطاف حسین نے حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے حق پرست شہداء کا لہو رنگ لارہا ہے اور ان کی قربانیوں کی بدولت تحریک کا پیغام ملک کے گوشے گوشے میں فروغ پارہا ہے۔جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیوایم کی تاریخی کامیابی پر ایم کیوایم حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے ارکان، حق پرست عوامی نمائندگان، میڈیکل ولیگل ایڈ کمیٹی، اے پی ایم ایس او، شعبہ خواتین، لیبر ڈویژن، دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران، ایک ایک کارکن اور حیدرآباد سمیت سندھ بھر کے

حق پرست عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان و ہمدرد عوام سے اپیل کی کہ وہ گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی تاریخی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کے حضور شکرانے کے نوافل ادا کریں جبکہ ہندو، عیسائی، سکھ اور دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے کارکنان و عوام اپنی اپنی عبادت گاہوں میں شکرانہ ادا کریں اور متحدہ قومی موومنٹ کی کامیابی کیلئے دعائیں بھی کریں۔

## اپنے ہی کلمہ گومسلمانوں کو خاک وخون میں نہلانے والے دہشت گرد سفاک ہیں اوران کا کوئی مذہب نہیں، الطاف حسین

## پشاور کے پشتخرہ چوک پر ہونے والے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

## دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے پشتخرہ چوک پر ہونے والے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے کے نتیجے میں 10 سے زائد افراد کے شہید اور 15 سے زائد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان دہشت گردوں نے پشاور کو گزشتہ ایک ہفتے سے اپنا ہدف بنا رکھا ہے اور پشاور میں ہونے والی دہشت گردی کی اب تک کی کارروائیوں میں ڈھائی سو سے زائد معصوم و بے گناہ افراد سمیت خواتین اور بچے شہید ہو چکے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اپنے ہی کلمہ گومسلمانوں کو خودکش بم دھماکوں کے ذریعے خاک وخون میں نہلانے والے سفاک دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہے ۔ انہوں نے کہا کہ وزیرستان میں جاری آپریشن راہِ نجات کے ردعمل کے طور پر سامنے آنے والی کارروائیاں، بم دھماکے کھلا چیلنج ہیں اور یہ کھلا چیلنج اس بات کا تقاضہ کر رہا ہے دہشت گردی اور دہشت گردوں کے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے تمام وسائل استعمال میں لائے جائیں ۔ انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کی کارروائیوں کے پیش نظر علاقائی سطح پر مربوط اور منظم حفاظتی نظام قائم کریں اور مشکوک عناصر کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں ۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی سے مطالبہ کیا کہ پشاور میں پے در پے ہونے والے بم دھماکوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، معصوم لوگوں کی جانوں کے ضیاع کو روکنے کیلئے مزید اقدامات کئے جائیں اور دہشت گردوں کا خاتمہ کر کے عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے ۔ انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ انہوں نے زخمی ہونے والے افراد کیلئے عوام سے خون کے عطیات دینے کی اپیل کی اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

## پاکستان کو امریکہ سے ایڈ نہیں ٹریڈ چاہئے، ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال

## افغانستان اور پاکستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حتمی فتح گڈ گورننس کے ذریعہ ہی ہوسکتی ہے،

## ڈرون حملے، مزید فوجیں بھیجنا فتح کا ذریعہ نہیں بن سکتا۔ پاکستانی مصنوعات کو امریکی منڈیوں تک ڈیوٹی فری رسائی دی جائے

## دہشت گردی کے خلاف جنگ کے دوران 2600 پاکستانی فوجی افسران وسپاہیوں اور 8 ہزار سے زائد عام شہریوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا جبکہ افغانستان کی پوری جنگ میں مجموعی طور پر امریکی فوجیوں کی ہلاکت کی تعداد 1500 ہے

## اگر دنیا کو گڈ گورننس کی کوئی کامیاب مثال دیکھنی ہو تو جہاں جہاں ایم کیوایم کی ایڈمنسٹریشن ہے وہاں وہاں یہ گڈ گورننس دیکھی جاسکتی ہے

## امریکہ کی معروف ہارورڈ اور کولمبیا یونیورسٹیوں میں سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کا لیکچر

## ناظم کراچی کے لیکچر سے بڑے شہروں کی ترقی کے حوالہ سے بہت سارے نئے چیلنجز اور پہلوؤں کو سمجھنے کا موقع ملا، پروفیسر ایسٹر

نیویارک ۔۔۔14، نومبر 2009ء

ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کو امریکہ سے ایڈ (Aid) نہیں ٹریڈ (Trade) چاہئے تاکہ پاکستانی مصنوعات کو امریکی منڈیوں تک ڈیوٹی فری رسائی کا موقع ملے ۔ انہوں نے کہا کہ Don't give us aid. give us trade اور Don't give us fish-teach us how to catch the fish، دہشت

گردی کے خلاف جنگ میں حتمی فتح افغانستان اور پاکستان میں گڈ گورننس کے ذریعہ ہی ہوسکتی ہے، صرف ہارڈ فورسز، ڈرون حملے اور مزید فوجوں کا افغانستان اور پاکستان میں استعمال دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فتح کا ذریعہ نہیں ہوسکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امریکہ کی مشہور اور نامور ہارورڈ اور کولمبیا یونیورسٹیز میں طلبہ کو دیئے گئے لیکچر میں کیا۔ ان لیکچرز میں امریکہ سمیت مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے طلبہ وطالبات اور یونیورسٹیز کے پروفیسرز نے بھی شرکت کی۔ ناظم کراچی پاکستان کے پہلے میئر ہیں جن کو ان یونیورسٹیوں نے لیکچر کی دعوت دی۔ اپنے لیکچر میں ناظم کراچی مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کراچی کو ریجن میں خصوصی اہمیت حاصل ہے اور پاکستان کے دشمنوں کو بھی اس کی اہمیت کا اندازہ ہے، وہ جانتے ہیں کہ کراچی پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی مانند اور ریجن کی سپلائی لائن ہے۔ افغانستان میں لڑنے والی نیٹو افواج کے استعمال کا 95 فیصد سامان کراچی کی بندرگاہ سے ہوکر ہوجاتا ہے لہٰذا وہ اس سپلائی لائن کو کاٹنا چاہتے ہیں، ان سازشوں کا مقابلہ کرنے کیلئے ایم کیوایم جو کراچی کے 90 فیصد عوام کی منتخب جماعت ہے، اسکے قائد جناب الطاف حسین نے لوگوں کو وسائل اور مسائل کے حوالہ سے شعور دیا ہے تاکہ وہ اپنے اردگرد کے ماحول پر نظر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی رائے عامہ اور عوامی حمایت کی بدولت ہی انٹیلی جنس ادارے صرف چھ ہفتوں کے دوران کراچی میں دہشت گردوں کے آٹھ گروپس کو پکڑنے میں کامیاب ہوئے اور دہشت گردی کے ایک بڑے نیٹ ورک کا قلع قمع ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی کراچی اور حیدرآباد میں بلدیاتی حکومتوں نے گڈ گورننس کے ذریعہ لوگوں تک پہنچ کر لوگوں کے مسائل حل کئے اور کراچی وحیدرآباد کے شہریوں نے دشمنوں کی تمام تر دہشت گردی کے منصوبوں کو ہیومن انٹیلی جنس کے ذریعہ ناکام بنایا ہے اور آج کراچی میں اسی وجہ سے امن ہے کیونکہ ہم نہیں چاہتے کہ کراچی سوات اور مالاکنڈ بن جائے جہاں خواتین کے تعلیمی اداروں کو دہشت گرد بم سے اڑا دیتے ہیں۔ ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف افواج پاکستان، آئی ایس آئی اور ملٹری انٹیلی جنس سمیت دیگر پاکستانی انٹیلی جنس ادارے اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے انجام دے رہے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ کے دوران 2600 پاکستانی فوجی افسران وسپاہیوں اور 8 ہزار سے زائد عام شہریوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا جبکہ افغانستان کی پوری جنگ میں مجموعی طور پر امریکی فوجیوں کی ہلاکت کی تعداد 1500 ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی مصنوعات کو امریکی منڈیوں تک ڈیوٹی فری رسائی دی جائے، بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا، کمبوڈیا جیسے ممالک کو اگر امریکی منڈیوں تک ڈیوٹی فری رسائی حاصل ہے تو دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں سب سے زیادہ قربانیاں دینے والے ملک پاکستان کی مصنوعات کو بھی امریکی منڈیوں تک ڈیوٹی فری رسائی ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان اور پاکستان میں Bad governance انتہاء پسندی اور دہشت گردی کا سبب بنی لہٰذا افغانستان اور پاکستان میں جاری دہشت گردی کے خلاف جنگ کو ڈرون حملوں اور مزید فوجیں بھیج کر نہیں جیتا جاسکتا بلکہ یہ جنگ جیتنے کیلئے گڈ گورننس لازم وملزوم ہیں۔ گڈ گورننس کے ذریعہ لوگوں کے بنیادی مسائل کو حل اور عوام کیلئے پینے کا صاف پانی، صحت اور تعلیم کی معیاری اور بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا تاکہ شہریوں کا اپنی حکومتوں پر اعتماد بحال ہو۔ اس سے دہشت گردی کے خلاف موجودہ جنگ میں خاصی حد تک کامیابی ہوگی۔ اگر دنیا کو اس خطے میں گڈ گورننس کی کوئی کامیاب مثال دیکھنی ہو تو جہاں جہاں ایم کیوایم کی ایڈمنسٹریشن ہے وہاں وہاں یہ گڈ گورننس دیکھی جاسکتی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ میرے آئیڈیل لیڈر جناب الطاف حسین ہیں اور اسکی وجہ یہ ہے کہ پاکستان میں تمام چھوٹی اور بڑی پارٹیوں کے سربراہ اپنی پوری جدوجہد ملک کا وزیراعظم یا صدر بننے کیلئے کرتے ہیں جبکہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا کوئی رشتہ دار آج تک کسی حکومتی عہدے پر فائز نہیں ہوا، نہ ہی انہوں نے کسی انتخابات میں حصہ لیا اور نہ لیں گے بلکہ تمام عہدوں پر اپنے کارکنوں کا انتخاب کیا ہے۔ اگر ایم کیوایم کے قائد چاہتے تو مصطفیٰ کمال کی جگہ اپنے ایک بھائی کو ناظم کراچی بناسکتے تھے اور ڈاکٹر عشرت العباد کی جگہ اپنے دوسرے بھائی کو گورنر سندھ بناسکتے تھے مگر ایم کیوایم کی 25 سالہ انتخابی سیاست کے دوران ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین خود، انکے کسی بھائی یا رشتہ دار کو کوئی عہدہ نہیں دیا گیا بلکہ کارکنوں کو آگے لایا گیا، اسی وجہ سے الطاف حسین ہمارے آئیڈیل لیڈر ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ امریکی اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ انکی ملاقاتوں کی وجہ کراچی اور پاکستان کی مارکیٹنگ ہے، ہم پاکستان کا حصہ ہیں، ہم پاکستان کیلئے مارکیٹنگ کررہے ہیں اور اسکے مثبت امیج کو اجاگر کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کررہے ہیں۔ اس موقع پر کولمبیا یونیورسٹی کے انٹرنیشنل افیئرز ڈپارٹمنٹ کے ڈین Mr. John Coatsworth اور پروفیسر Ester Fuchs نے بھی خطاب کیا۔ پروفیسر ایسٹر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کے لیکچر سے گلوبل سٹیز کو درپیش چیلنجز اور مسائل کے حوالہ سے مفید معلومات حاصل ہوئیں اور ہمیں کافی کچھ سیکھنے کو ملا۔ انہوں نے کہا کہ ناظم کراچی کے لیکچر نے ہمیں بہت متاثر کیا۔ بڑے شہروں کی ترقی کے حوالہ سے بہت سارے نئے چیلنجز اور پہلوؤں کو سمجھنے کا موقع ملا جو ہم ترقی یافتہ شہروں میں رہتے ہوئے اب تک ان کو نظر انداز کرتے رہے ہیں اور کبھی ان کو اہمیت نہیں دی۔ انہوں نے کراچی میں مختصر مدت میں ہونے والی انفراسٹرکچر کی ترقی اور شہریوں کے مسائل کے تیزی سے حل کے حوالہ سے ناظم کراچی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ انتہائی کم وقت میں انہوں نے جو کام کئے اس کی بین الاقوامی سطح پر پذیرائی ہورہی ہے۔ جنیوا کانفرنس میں اسکے اظہار کے علاوہ فارن پالیسی میگزین نے انہیں دنیا کے بہترین میئر کا اعزاز دیا ہے جو ان کی بہترین صلاحیتوں کا اعتراف ہے اور ہماری یونیورسٹی کیلئے ان کی آمد باعث اعزاز ہے۔

## گلگت بلتستان انتخابات میں کامیابی ثابت کرتی ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ صرف علاقائی سطح کی جماعت نہیں بلکہ قومی دھارے کا اہم جزو بن چکی ہے، مفتی محمد نعیم

## ایم کیوایم کی انتخابات میں فتح کو میں ذاتی طور پر بہت بڑی کامیابی قرار دیتا ہوں، کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں

## بنوریہ یونیورسٹی انٹرنیشنل کے مہتمم مفتی محمد نعیم کا گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیوایم کی کامیابی پر الطاف حسین کے نام لکھا گیا پیغام

کراچی۔۔۔14، نومبر 2009ء

بنوریہ یونیورسٹی انٹرنیشنل کے مہتمم مفتی محمد نعیم نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی کامیابی سے یہ بات اظہر من الشمس ہوگئی ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ صرف علاقائی سطح کی جماعت نہیں بلکہ وہ قومی دھارے کا ایک اہم جزو بن چکی ہے۔ یہ بات انہوں نے گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیوایم کی کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نام لکھے گئے اپنے ایک فیکس پیغام میں کہی۔ اپنے پیغام میں مفتی نعیم نے کہا کہ گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیوایم کی کامیابی کو میں ذاتی طور پر بہت بڑی کامیابی قرار دیتا ہوں اور دل کی گہرائیوں سے زبردست مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے ایم کیوایم کے رہنماؤں کو بھی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ٹھنڈے ترین علاقہ میں بھرپور انتخابی مہم چلا کر ایم کیوایم کو کامیابی سے ہمکنار کرایا اور ایم کیوایم کی اس کامیابی کے بعد اسے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

## ایم کیوایم اسکردو کے کارکنان رجب علی بھٹو اور فدا علی کے روڈ ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اسکردو کے کارکنان رجب علی بھٹو اور فدا علی کے روڈ ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن سید علی حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن سید علی حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی عیادت کی

## عیادت کرنے پر عمران خان نے قائد تحریک الطاف حسین سے خصوصی تشکر کا اظہار کیا

لاہور۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی زمان پارک لاہور میں واقع رہائشگاہ جا کر عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب کے آفس سیکریٹری فیصل سجاد بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے عمران خان کو گلدستہ پیش کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ اس موقع پر عمران خان نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کی جانب سے عیادت کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا خصوصی شکریہ بھی ادا کیا۔

## گلگت بلتستان انتخابات میں صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات افسوسناک ہیں، رابطہ کمیٹی
## ن لیگ کے احتجاجی مظاہرے میں میڈیا کے خلاف نعرے بازی، دنیا ٹی وی گلگت کے رپورٹر خالد اور ٹیم کو تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

کراچی۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلم لیگ ن کے احتجاجی مظاہرے میں کارکنوں کی جانب سے دنیا ٹی وی گلگت کے رپورٹر خالد کو تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گلگت بلتستان انتخابات میں صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات انتہائی افسوسناک ہیں اور آزادی صحافت پر قدغن لگانے کے مترادف ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی احتجاجی ریلی میں میڈیا کے خلاف نعرے بازی کی گئی اور پتھراؤ کیا گیا جس کے باعث دنیا ٹی وی کی ٹیم زخمی ہوگئی۔رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان انتخابات کے دوران آزادانہ صحافت کرنے پر صحافیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صحافت ایک معزز پیشہ ہے اور اس پیشے سے وابستہ افراد کے خلاف پرتشدد کارروائیاں قابل مذمت ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور گورنر گلگت بلتستان قمر الزماں کائرہ سے مطالبہ کیا کہ دنیا ٹی وی گلگت کے رپورٹر خالد کو تشدد کا نشانہ بنانے میں ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے اور گلگت بلتستان انتخابات میں صحافیوں پر تشدد میں ملوث عناصر کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے

## ایم کیو ایم اسکردو کے کارکنان رجب علی بھٹو اور فدا علی روڈ ایکسیڈنٹ میں انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

اسکردو۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ اسکردو کے کارکنان رجب علی بھٹو اور فدا علی اسکردو میں ہونے والے ایک المناک روڈ ایکسیڈنٹ میں انتقال کر گئے۔ ہفتہ کی شام رجب علی بھٹو اور فدا علی موٹر سائیکل پر تھرمنگ تحصیل سے ضلع اسکردو آ رہے تھے کہ راستے میں ایک جیپ سے ان کی موٹر سائیکل کا ایکسیڈنٹ ہوگیا جس کے نتیجے میں وہ موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم اسکردو کے ذمہ داران و کارکنان مرحومین کی رہائشگاہ پہنچ گئے اور انہوں نے مرحومین کی تجہیز و تکفین کے انتظامات مکمل کئے اور اس المناک سانحہ پر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے رجب علی اور فدا علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیو ایم کی کامیابی پر ضلعی دفتر بھمبر آزاد کشمیر میں زبردست جشن منایا گیا
## مبارکباد دینے والے کارکنان و عوام کا تانتا بندھ گیا، مٹھائیاں تقسیم کی گئیں
## ایم کیو ایم کی کامیابی حق پرستانہ نظریئے کی فتح ہے، مبارکباد کیلئے والوں کے جذبات

بھمبر۔۔۔14، نومبر 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی کامیابی پر ایم کیو ایم کے ضلعی دفتر بھمبر آزاد کشمیر میں زبردست جشن منایا گیا اور مٹھائیاں تقسیم کی گئیں۔گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات میں ایم کیو ایم کے امیدوار راجہ محمد اعظم کی کامیابی کی اطلاع ملتے ہی ضلعی دفتر بھمبر میں مبارکباد دینے والوں کا تانتا بندھ گیا اور انہوں نے ایم کیو ایم کے حق پرست امیدوار کی کامیابی کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کی فتح قرار دیا۔اس دوران انہوں نے ایم کیو ایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے اور ان کا جوش و خروش قابل دید تھا۔اس موقع پر ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج امتیاز احمد مرزا، ڈسٹرکٹ انچارج نصر اللہ چوہدری، میڈیا انچارج آفتاب مرزا نے مبارکباد دینے کیلئے بڑی تعداد میں آنے والے کارکنان و عوام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ایم کیو ایم کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیو ایم کی کامیابی ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام کی فتح ہے۔

## گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیو ایم کی کامیابی ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام کیلئے نیک شگون ہے، حق پرست سینیٹرز

کراچی۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیو ایم کی کامیابی کو ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام کیلئے نیک شگون قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں دھاندلیوں کے باوجود ایم کیو ایم کی کامیابی حق پرستانہ فکر و فلسفہ اور نظریئے کی فتح ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ اب گلگت بلتستان کے عوام کے دلوں میں بس چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں منفی پروپیگنڈا کر کے ایم کیو ایم کے حق پرستانہ فکر و فلسفہ اور نظریئے کو پھیلنے سے روکنے والے عناصر جان لیں کہ حق پرستی کا نظریہ گلگت بلتستان میں فروغ پا چکا ہے اور انتخابات میں ایم کیو ایم کی کامیابی نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ قومی سطح کی جماعت ہے اور اسے ہر زبان، قومیت اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے عوام کا بھرپور مینڈیٹ حاصل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گلگت بلتستان کے باشعور عوام نے جس طرح سے حق پرستی کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کو اپنایا ہے اور ایم کیو ایم کا خیر مقدم کیا ہے وہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے ایم کیو ایم لگائے جانے والے منفی پروپیگنڈے کی کھلی نفی کر رہا ہے اور اب ایم کیو ایم اور گلگت بلتستان کے عوام کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کرنے والے عناصر بالآخر ناکام ہوں گے۔ حق پرست اراکین سینٹ نے گلگت بلتستان کے عوام سے انتخابات میں ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ ڈالنے اور ایم کیو ایم کو کامیاب کرانے پر دلی تشکر کا اظہار بھی کیا۔

## معروف صحافی اور دانشور مظہر یوسف کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معروف صحافی اور دانشور مظہر یوسف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن سید علی حسین، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن عبدالحمید کی والدہ محترمہ، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکن سید قیصر مصطفیٰ کے بھائی معظم علی اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن عبدالرزاق کے والد جمیل احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## حلقہ GBLA-3 میں انتخابی دھاندلی اور نتائج روکنے کے خلاف دینور میں مظاہرہ
## ایم کیو ایم کی فتح کو کھلی دھاندلی کر کے شکست میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین کا مظاہرین سے خطاب

دینور۔۔۔14، نومبر 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے حلقہ 3 میں ہونے والی کھلی دھاندلی اور رزلٹ کا اعلان نہ کرنے کے خلاف حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین، مسلم لیگ ق اور اسی حلقہ کے دو آزاد امیدواروں نے دینور چوک پر زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاجی مظاہرے میں دینور کے نوجوانوں اور بزرگوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور دھاندلی کے خلاف زبردست نعرے بازی کی۔ احتجاجی مظاہرے کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں GBLA-3 میں ہونے والی دھاندلی اور رزلٹ روکنے کے خلاف پلے کارڈ بھی اٹھا رکھے تھے۔ احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین نے کہا کہ حلقہ میں دھاندلی ہوئی ہے، جیتے ہوئے امیدوار کو ہرا دیا گیا، ہمارے پولنگ

ایجنٹ کو دھمکیاں دے کر مار پیٹ کر بھگا دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ انتخابی دھاندلی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ڈی سی او نے اقرار کیا ہے کہ بیلٹ باکس چوری ہو گئے ہیں اور ایم کیوایم کی فتح کو کھلی دھاندلی کر کے شکست میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ انتخابی دھاندلی نے گلگت بلتستان کے شفاف انتخابی عمل کو متاثر کیا ہے اور اس دھاندلی کو گلگت بلتستان کے عوام اچھی نگاہ سے نہیں دیکھ رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆